© rasailojaraid.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# اشارات

اِس وقت ملک کو باہر سے بھی اور اندر سے بھی بہت سے تشویش انگیز حالات کا سامنا ہے۔ اوّل تو اِس ملک کی تشکیل برصغیر کی متعصب اکثریت کے لیے ناقابلِ برداشت حادثہ تھی، اور پھر جب پاکستان کا ظہور سامنے آگیا تو ہمارے مہربانوں نے مسلمان قوم کے خون کے دریا بہا دیئے، اور ان کے گھروں اور جائیدادوں کو آگ کے حوالے کر دیا۔ پھر جو خطِ تقسیم کھینچا گیا، اسے ریڈکلف ایوارڈ کے سربراہ کے ذریعے حسبِ منشا آگے پیچھے کر دیا گیا۔ جس کی وجہ سے کشمیر کا ارضی رابطہ خیانت دارانہ طریق سے بھارت کے ساتھ قائم ہوا۔ اور اس حادثے کے نتیجے میں آج تک کشمیر کے مسلمان اپنی جگہ تڑپ رہے ہیں اور ہم پاکستان کے مسلمان ان کے لیے دُکھی ہیں۔ تقسیمِ املاک میں بھی سنگین ہیر پھیر کیا گیا۔ اور جو حصّہ طے ہوا اس کی ادائیگی بھی ہمارے مہربانوں نے صحیح طور پر نہ کی۔ بات اتنے ہی پر فتنہ سامانی نہیں بنادی گئی بلکہ بھارت کے نمایاں ہندو لیڈروں اور اخبارات نے اس جذبے کا واضح لفظوں میں اظہار کیا کہ پاکستان بن گیا ہے تو چلنے نہ پائے اور اسے دوبارہ بھارت میں شامل کیا جائے۔

---

دوسری طرف صیہونی قوت ہے جو صدیوں سے عیسائی حکومتوں میں مار کھانے کے بعد اپنی سابق مظلومیت کا سارا انتقام مسلمانوں سے لے رہی ہے اور اس انتقام میں وہ درندگی کی اس انتہا تک آگئی ہے کہ قرونِ مظلمہ کے لوگ بھی اتنے بڑے پیمانے کی مذبوحی حرکات تک نہ پہنچے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہوں گے۔ صہیونیوں کی نگاہ اس بات پر ہے کہ دوسری تمام مسلم ریاستوں سے پاکستان اس لیے زیادہ خطرناک ہے کہ یہاں نظریہ اسلامی جڑیں چھوڑ رہا ہے اور تحریک اسلامی کی لہریں مسلسل تند و تیز ہو رہی ہیں۔ یہ ملک محض ایک سلطنت نہیں ہے ــــــ تو چھوٹا سا رقبہ رکھتی ہے، اصل پاکستان پھیل رہا ہے اور وہ تمام مشرق وسطیٰ اور جنوب مشرقی ایشیا کی مسلم ریاستوں میں نفوذ کر رہا ہے۔ پھر اس کی ایٹمی قوت کے بارے میں مغربی اور اسرائیلی ذرائع ابلاغ نے ایسے ایسے افسانے اور ڈرامے گھڑ رکھے ہیں کہ جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ پروپیگنڈے کا جادو جھوٹ کو سچ بنا کے دکھا دیتا ہے۔ صہیونیت نے براہ راست پاکستان میں بھی کچھ نہ کچھ آدمی گھسا رکھے ہیں[1]۔ لیکن اس نے اپنا پاکستان دشمن سنٹر بھارت میں قائم کیا ہے۔ ۶۵ء اور ۷۱ء کی جنگوں میں بھارت کی فوجی قیادت کو جنگی کارروائیوں میں اسرائیلی افسروں کا استادانہ تعاون حاصل رہا ہے۔

---

تیسری طرف افغانستان کی کارمل حکومت ہے جو روس کی فوجی قوت کے زور سے اسلام اور آزادی اور غیرت کے متوالے افغانی مجاہدین کا خون بہا رہی ہے اور وہاں کی غیر مصافی آبادی کی بستیاں بموں سے تباہ کر کے اُن کو ہجرت پر مجبور کر رہی ہے۔ یہ مظلومین برادر پڑوسی ملک پاکستان میں آ کر پناہ لے رہے ہیں اور ان کی تعداد یہاں ۲۵ لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے۔

پاکستان اوّل تو نظریہ اسلامی کی انقلابی رَو کا سرچشمہ ہونے کی وجہ سے روس کی نگاہوں میں پہلے سے معتوب تھا۔ یہی وجہ ہے کہ روس نے نہ صرف مسئلہ کشمیر میں اپنا پورا وزن بھارت کے پلڑے میں ڈال دیا بلکہ ۷۱ء کی جنگ سے پہلے اس نے بھارت سے دوستانہ امداد کے

---

[1] یہ بھی نہ بھولیے کہ اسرائیل میں ہمارے ایک اقلیتی گروہ کا خاص تبلیغی اڈا ابتدا سے قائم ہے۔ اور اس گروہ کی ایک ٹانگ بھارت میں ہے، دوسری پاکستان میں۔ سوال یہ ہے کہ ہمارے اس گروہ کو ساری قوم کے بخلاف اسرائیل سے بہت زیادہ پیار کیوں ہے اور اسرائیل نے کیوں اسے گلے لگا رکھا ہے؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

معاہدے کیے اور عملاً سانحۂ ۷۱ء میں ایسا پارٹ ادا کیا کہ ملک کا ایک حصہ الگ کرانے والوں کی سازش نہایت آسانی سے کامیاب ہو گئی [1]

---

بہ حیثیت مجموعی مغرب کے ذہین و فطین (INTELLECTUAL) طبقے نے ہمارے خلاف عملی سطح پر جو پروپیگنڈا شروع کر رکھا ہے اس کی کلیدی اصطلاح انہوں نے بنیاد پرست (FUNAMENTALISTS) مقرر کی ہے۔ یہ اصطلاح نئی ہے مگر اس میں معنی وہی پڑ لئے ہیں جو ہنٹر وغیرہ کے زمانے سے لفظ مُلّا کے لیے چلتے تھے۔ یعنی بنیاد پرست وہ قدامت پسند اور تاریک خیال اور محدود الظرف اور انتہا پسند لوگ ہیں جو اساسی عقائد و احکام کو اس طرح آنکھیں بند کر کے لیتے ہیں کہ نہ بدلے ہوئے حالات کے تقاضوں کی کوئی پروا کرتے ہیں اور نہ سائنس اور ٹیکنالوجی کے ارتقاء پر نظر رکھتے ہیں۔ مغرب کے انہی سنئے ذہین لوگوں نے معرکہ آرا اسلام یا تصادم پسند اسلام یا جنگ جو اسلام (MILLITANT ISLAM) کی اصطلاح وضع کی ہے۔ یعنی مسلمان جہاں کہیں ہیں وہ دوسروں کے خلاف جارحیت کا رویہ اختیار کیے ہوتے ہیں۔ جو لوگ ہماری یہ تصویر بنا کر پھیلا رہے ہیں اور خود ہمارے سامنے یہ سمجھ کر اسے پیش کرتے ہیں کہ یہ ہے حضور والا کا جلوۂ فتنہ انگیز، وہ درحقیقت ہمارے مخالفین ہیں اور انہیں اسلام کا افقِ تاریخ پر اُبھرنا سخت ناپسند ہے۔ جو مغربی قوتیں بعض اوقات بعض پہلوؤں سے ہمارے کندھے تھپتھپاتی ہیں وہ دراصل موقع کی مناسبت سے مجبور ہو کر ہمیں کسی غرض کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہیں۔ ایسے حالات میں وہ ہمیں اقتصادی اور دفاعی امداد بھی دیتی ہیں اور دوستی بھی گانٹھتی ہیں۔ مگر دشمنی اپنی سطح پر قائم رہتی ہے اور دوستی اپنی جگہ پر

---

[1] اندرا گاندھی نے اس موقع پر بغلیں بجاتے ہوئے کہا تھا کہ ہم نے مسلمانوں سے ایک ہزار سال پہلے کا بدلہ لے لیا ہے۔ پاکستان میں مزید جو تھوڑے بہت انقلاب پسند عناصر دبے دبائے موجود ہیں۔ وہ اس فقرے کی روشنی میں اپنی قدر و قیمت لگائیں کہ تاریخ کی منڈی میں وہ کیسا مال ہیں؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جڑتی، ٹوٹتی، بدلتی رہتی ہے، فیصلہ کن مرحلہ آنے پر ضرورت کی دوستی، حقیقی دشمنی کے راستے پر پڑ جاتی ہے۔

ابھی ابھی اسرائیل کے گھناؤنے مظالم کا طوفان بیروت میں ہمارے بھائیوں کے سر سے گذرا ـــ اور ہمارے سروں سے غم اور ندامت کی ملی جلی لہر بن گذر گئیں۔ اس موقع پر نہ امریکہ کے بنیادی حقوق کے نعرے مؤثر ثابت ہوئے، نہ اقوام متحدہ جارحیت کے قدم روک سکی اور نہ کوئی قومی و علاقائی معاہدہ یا بین الاقوامی سمجھوتہ بہیمیت کے طوفان کے آگے بند باندھ سکا۔ سنہ ۱۹۷۱ء میں ایک دوستی کا تجربہ ہم بھی کر چکے ہیں اور اب پھر اسی دوستی کا خیر مقدم کرنے کے لیے ہم مجبور ہیں۔ بین الاقوامی قسائیوں کی منڈی میں ہم ذبح بھی ہوتے ہیں اور قسائیوں سے دوستی بھی نبھاتے ہیں۔ ہائے بے بسی ہم!

دونوں بڑی عالمی طاقتیں مغرب کی مادہ پرستانہ تہذیب کی پروردہ ہیں۔ اور ہم دونوں کے حلقہ ہائے اثر میں یکساں پس رہے ہیں۔ وہ سمرقند و بخارا کی ریاستیں ہوں یا لبنان اور لیونان کی، حبشہ، اریٹریا، صومالیہ اور اوگاڈین کے علاقے ہوں یا ڈیٹ نام، کمپوچیا اور تھائی لینڈ کے، یوگوسلاویہ کی مملکت ہو یا فلپائن کی، بھارت کی مسلم اقلیت ہو یا نائجیریا کی مسلم اکثریت ـــ دنیا کے ہر گوشے میں دونوں عالمی طاقتوں کے زیر سایہ ہماری خون ریزی ہو رہی ہے۔

چاروں طرف سے یلغار کرنے والی بہیمیت پسند قوتوں کا اصل ہدف پاکستان ہے۔ کیونکہ پاکستان میں جو اسلامی تحریک تموّج دکھا رہی ہے اس کے زیر اثر دنیا میں جہاں کہیں کوئی اکیلا مسلمان بھی ہے تو وہ بھی اپنے اندر ایک جذبۂ اقدام محسوس کرتا ہے۔ یہ ایک عبرت ناک منظر ہے کہ ظلم و جارحیت کے طوفان سے دنیا کے بہت سے علاقوں میں نہایت محدود اقلیتی مسلم قوتیں ٹکرا رہی ہیں اور اسلام کے احیا کے لیے اپنی زندگیاں نچھاور کر رہی ہیں۔

---

یہ ہے وہ عالمی نقشۂ احوال جس کے درمیان پاکستان گھرا ہوا ہے۔ دنیا میں جہاں کہیں کوئی مسلمان نشانۂ ظلم بنتا ہے تو درحقیقت پاکستان کا وجود مجروح ہوتا ہے، جہاں کہیں کوئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مسلمان آبادی تباہ کی جاتی ہے تو دراصل ہماری ہی قوت کا ایک حصہ تباہ ہوتا ہے اور پھر ظالم و جارح قوتیں آہستہ آہستہ ہماری طرف آگے آگے بڑھتی چلی آرہی ہیں۔ اس حالت میں ہمارے اندرونی احوال بہت اچھے ہونے چاہئیں مگر یہاں دوسرا ہی نقشہ ہے۔

گذشتہ سال ڈیڑھ سال سے بعض بڑے پیمانے کی اور بعض گھناؤنی تخریبی کارروائیاں ہوتی چلی آرہی ہیں، مگر نہ مجرم پکڑے جاتے ہیں اور نہ اُن کو سزا ملتی ہے۔ گاڑیوں کے اُلٹنے اور تباہ ہونے اور آتش زنی اور بنکوں اور خزانچیوں پر ڈاکوں اور شاہراہوں پر بسوں اور ٹرکوں اور کاروں کو لوٹنے کی وارداتوں کا وقوع اتنی کثرت سے ہوا ہے کہ عوام کے سر چکرا گئے ہیں۔ سیاسی بنیاد پر اہم شخصیتوں اور نوجوان طلبہ کے قتل کے سانحے بھی جاری ہیں۔ پولیس کا یہ حال ہے کہ اس محکمے کے بعض افراد براہ راست جرائم کے ذمہ دار نکلے، بعض تھانوں میں جرائم ہوتے۔ اس ملک میں پہلی بار کم سے کم ۲ مجسٹریٹوں کے ساتھ یہ ناشدنی پیش آئی کہ انہوں نے کسی تھانیدار کو رشوت لیتا ہوا پکڑا اور تھانیدار نے اپنے ماتحتوں کی مدد سے مجسٹریٹ سے قبضہ میں لی ہوئی رقم اور کاغذات واپس چھین لیے۔ یہ شکایت تو عام ہے کہ پولیس پرچہ درج نہیں کرتی، کبھی اپنی مرضی سے ملزموں کے نام لکھتی یا کاٹ دیتی ہے، پھر ملزم بیشتر صورتوں میں پکڑے نہیں جاتے، پکڑے جائیں تو سزا نہیں ملتی۔ تخریب کاروں کی بیرہ دستیوں کے واقعات، اُن کے جال سے بھاگ نکلنے والوں نے بار بار بیان کیے، مگر کوئی انسدادی کارروائی نہیں ہو سکی۔ بردہ فروش عورتوں اور بچوں کو پکڑ پکڑ کر باہر لے جا کر بیچتے ہیں مگر کوئی تدارک نہیں۔ اہم کاروباری افراد یا بچوں کو یرغمال میں رکھ کر بدمعاش اور سیاسی تخریب کار بڑی بڑی رقمیں طلب کرتے ہیں۔ لوگوں کے گھروں میں گھس کر ان کی عزتوں کو تاراج کرنے کے واقعات بار بار ہو چکے ہیں۔ بجلی والے میٹر پڑھے بغیر بھاری بل بنا دیتے ہیں۔ اور کہیں سرے سے میٹر پڑھنے سے نجات حاصل کرنے اور زائد بجلی خرچ کرنے والی خاص اسامیوں کو سہولت دلانے کے لیے بل "بحساب اوسط" بنانے کا طریقہ اختیار کر رکھا ہے۔ کسٹم اور ٹیکس والوں کے اپنے بڑے بڑے کھیل ہیں۔ پہلے ریلوے کی ریزروڈ سیٹوں اور برتھوں کے سودے ہوتے تھے۔ اور اب پی آئی اے کی سیٹیں بھی "او۔ کے" ہونے کے باوجود کسی تیسرے شخص کے ہاتھ بک سکتی ہیں۔ دفتروں میں کسی کاغذ کے ایک میز سے دوسری میز تک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


پہنچنے کے لیے چاندی کی قوتِ حرکت درکار ہے۔ بسوں میں ممانعت کے باوجود ٹیپ بجتے ہیں۔ مگر سرکاری تو انہیں گرفت کرنے میں بے بس ہیں۔ کنڈکٹر ٹکٹ دیئے بغیر پیسے وصول کر کے جیب میں ڈالتے ہیں۔ لاہور کی ویگنوں میں گنجائش سے زائد سیٹیں بنی ہوتی ہیں۔ اور سیٹوں سے زائد سواریاں "مرغا" بنتی ہیں مگر کوئی نہیں جو ٹوک سکے۔ سڑکیں اکھڑی ہوتی ہیں۔ گلیاں گندگی سے اٹی پڑی ہیں۔ سڑکوں کا نصف حصہ تجاوزات کی نذر ہو چکا ہے، بارش ہو تو پانی جا بجا کھڑا ہوتا ہے، مگر کسی خرابی کا کوئی علاج نہیں۔ یہ تو معمولی باتیں شمار ہوتی ہیں۔ یہاں مکان اور زمینیں اصل مالکوں سے بالا بالا بک جاتی ہیں۔ اور پلاٹوں پر مخالفانہ قبضے ہو جاتے ہیں۔ لیکن کہیں دادرسی نہیں ہوتی۔ بیواؤں کے جوان بیٹے اور سہاگنوں کے خاوند موت کے گھاٹ اتار دیئے جاتے ہیں۔ اور وہ رونے دھونے کے سوا کچھ نہیں کر سکتیں۔ جو آدمی اخبارات میں شکایات کے کالم چند ہفتے مسلسل پڑھے اور یہ سمجھے کہ صرف چوتھائی حصہ صحیح ہے تو بھی اس کا دل زندگی سے بیزار ہو جائے گا یا وہ خود بھی مجرم بن جائے گا۔

---

سیاسی جماعتوں کا یہ حال کہ قانونی بندش کی وجہ سے ان کا نظم بکھر چکا ہے، فرد فرد الگ طرح سوچتا ہے۔ اس وجہ سے بھانت بھانت کی بولیاں ہیں۔ نظریاتی طور پر توازن باقی نہیں رہا۔ لادینیت پسندوں، اشتراکیوں، مفاد پرستوں، مغرب زدہ عناصر اور علیحدگی پسندوں کے لیے زیر زمین کام کرنے کی راہیں چوپٹ کھلی ہیں۔ اب ان کا میدانِ کار ایسے بکھرے ہوئے افراد ہیں جو کسی پارٹی سے وابستہ نہیں۔ اور کسی قیادت کی طرف سے ان کو اطمینان بخش حد تک رہنمائی نہیں ملتی۔ اوپر جن مخالف قوتوں کا ذکر کیا گیا ہے ان سب کے نفوذ کا یہاں کام کر رہے ہیں۔ اور سب کی محنتوں کی کھیتیاں شاداب ہیں۔ دبی زبان میں علیحدگی پسند حضرات بلوچستان اور سندھ کے بارے میں شگوفے چھوڑتے رہتے ہیں۔ اور نیچے زیر زمین کام کرنے والے نہایت اطمینان سے کام کر رہے ہیں۔ طلبہ کی حد تک خاص خاص برادریوں کی گروہ بندیاں بن رہی ہیں۔ ایک یونیورسٹی میں تو گذشتہ انتخابات برادریوں ہی کی بنیاد پر ہوئے اور تازہ خبر یہ ہے کہ ایک خاص برادری کے طلبا کے مجتمع ہونے کی ہے۔ اس فتنے کی کوئی روک تھام نہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ادھر سیاسی اور مذہبی لیڈر مضطرب ذہنوں کے ساتھ ایک دوسرے سے ٹکرا رہے ہیں متحد ہونے کی باتیں ہیں مگر بنیادی جذبہ تفرقہ پسندی کا ہوتا ہے اور وہ شریعت ہی سے بالکل نمایاں ہوتا ہے۔ کوئی تصور نہیں کہ کن عناصر کو جمع ہونا چاہیے اور کن مقاصد کے لیے جمع ہونا چاہیے۔ حال یہ ہے کہ جس کے سبب سارا ملک بیمار ہوا تھا، اسی عطار کے لونڈے سے دوا لینے کے لیے لوگ بھٹک رہے ہیں۔

---

حکومت کے ایوان سے جب پہلے پہل اسلامی نظام کی طرف پیش قدمی کا اعلان ہوا تھا تو لوگوں کے اندر بڑی امیدیں اُبھر آئیں۔ مگر بہت جلد چند اسباب کی وجہ سے اوس پڑ گئی۔ اس صورت حال کا تجزیہ ہمارے نزدیک یوں ہے۔

۱۔ نفاذِ اسلام (اور اب اصلاح معاشرہ) کا اعلان ہوا مگر اس کام کا ذریعہ بیوروکریسی کی ایک مشینری بنی جس میں اسلام سے محبت و وفاداری رکھنے والے کم اور مزاحمت کرنے والے زیادہ تھے۔ ایک مزاحمت پسند عنصر تو وہ ہے جو ناجائز مفاد، رشوت ستانی، خیانت کاری یا اقربا نوازی کے لیے احیائے اسلام کو خطرناک سمجھ سکتا ہے۔ لیکن اس سے زیادہ سخت قسم ان لوگوں کی ہے جو نظریاتی و اعتقادی طور پر اسلام کی مزاحمت کرنا چاہتے ہیں۔ ان میں کمیونسٹوں اور لادینیت پسندوں کے علاوہ بعض خاص گروہوں کے افراد شامل ہیں۔ تیسرا سب سے بڑا عنصر پیپلز پارٹی کے حامیوں، خصوصاً خود پارٹی کے بھرتی کرائے ہوئے افسروں اور ملازمین کا ہے۔ یہ تمام عناصر آپس میں گٹھ جوڑ رکھتے ہیں۔

اب ہو یہ رہا ہے کہ اگر کہیں کسی جگہ دو ایک محبانِ اسلام جمع ہیں تو ان کے اوپر کوئی مخالف ذہن کا افسر بیٹھا ہوا ہے۔ اگر کہیں کوئی افسر اعلیٰ اچھے ذہن کا ہے تو اس کے ساتھ دو ایک ایسے نائب لگا دیے گئے ہیں کہ وہ اوپر بھی سازباز کرتے ہیں اور نیچے بھی اثر انداز ہو کر افسر کی ہر اہم اسکیم کو ناکام کرا دیتے ہیں۔

۲۔ سیاست کے دائرے سے غلط کار عناصر کی تطہیر نہیں کی گئی۔ مثلاً یہ (باقی ص ۵۱)

© rasailojaraid.com